روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 24مارچ 2008ء 15ربیع الاول 1429ہجری 24/امان 1387ہش جلد 58-93 نمبر 67

رسول اللہ ؐ کے ساتھ

حضرت عبداللہ بن ہشامؓ بیان کرتے ہیں۔

کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے اور رسول اللہ ﷺ نے عمر بن خطابؓ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب مناقب عمر حدیث نمبر:3418)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دیکھو کس قدر فائدہ پہنچا۔ ایک زمانہ میں یہ ایمان نہ لائے تھے اور چار برس کا توقف ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ خوب مصلحت سمجھتا ہے کہ اس میں کیا سر ہے۔ ابوجہل نے کوشش کی کہ کوئی ایسا شخص تلاش کیا جاوے جو رسول اللہؐ کو قتل کر دے۔ اس وقت حضرت عمرؓ بڑے بہادر اور دلیر مشہور تھے اور شوکت رکھتے تھے۔ انہوں نے آپس میں مشورہ کر کے رسول اللہ کے قتل کا بیڑا اٹھایا اور معاہدہ پر حضرت عمرؓ اور ابوجہل کے دستخط ہو گئے اور قرار پایا کہ اگر عمر قتل کر آویں تو اس قدر روپیہ دیا جاوے۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے کہ وہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو ایک وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کرنے کے لئے جاتے ہیں۔ دوسرے وقت وہی عمرؓ اسلام میں ہو کر خود شہید ہوتے ہیں۔ وہ کیا عجیب زمانہ تھا۔ غرض اس وقت یہ معاہدہ ہوا کہ میں قتل کرتا ہوں۔ اس تحریر کے بعد آپؐ کی تلاش اور تجسس میں لگے راتوں کو پھرتے تھے کہ کہیں تنہا مل جاویں تو قتل کر دوں۔ لوگوں سے دریافت کیا کہ آپؐ تنہا کہاں ہوتے ہیں۔ لوگوں نے کہا نصف رات گزرنے کے بعد خانہ کعبہ میں جا کر نماز پڑھا کرتے ہیں۔ حضرت عمر یہ سن کر بہت ہی خوش ہوئے چنانچہ خانہ کعبہ میں آ کر چھپ رہے۔ جب تھوڑی دیر گزری تو جنگل سے **لاالہ الااللہ** کی آواز آتی ہوئی معلوم ہوئی۔ اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی آواز تھی۔ اس آواز کو سن کر اور یہ معلوم کر کے کہ وہ ادھر ہی کو آ رہی ہے۔ حضرت عمرؓ اور بھی احتیاط کر کے چھپے اور یہ ارادہ کر لیا کہ جب سجدہ میں جائیں گے' تو تلوار مار کر سر مبارک تن سے جدا کر دوں گا۔ آپؐ نے آتے ہی نماز شروع کر دی۔ پھر اس کے آگے کے واقعات خود حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ میں اس قدر رو رو کر دعائیں کیں کہ مجھ پر لرزہ پڑنے لگا۔ یہاں تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی کہا **سجدلک روحی و جنانی** یعنی اے میرے مولیٰ میری روح اور میرے دل نے بھی تجھے سجدہ کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ان دعاؤں کو سن کر جگر پاش پاش ہوتا تھا۔ آخر میرے ہاتھ سے ہیبت حق کی وجہ سے تلوار گر پڑی۔ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حالت سے سمجھ لیا کہ یہ سچا ہے اور ضرور کامیاب ہو جائے گا۔ مگر نفس امارہ برا ہوتا ہے۔ جب آپؐ نماز پڑھ کر نکلے۔ میں پیچھے پیچھے ہو لیا۔ پاؤں کی آہٹ جو آپؐ کو معلوم ہوئی۔ رات اندھیری تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا۔ کون ہے؟ میں نے کہا۔ عمر۔ آپؐ نے فرمایا۔ اے عمر۔ نہ تو رات کو پیچھا چھوڑتا ہے اور نہ دن کو۔ اس وقت مجھے رسول اللہؐ کی روح کی خوشبو آئی اور میری روح نے محسوس کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بد دعا کریں گے۔ میں نے عرض کیا۔ یا حضرت! بد دعا نہ کریں۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ وہ وقت اور وہ گھڑی میرے اسلام کی تھی۔ یہاں تک کہ خدا نے مجھے توفیق دی کہ میں مسلمان ہو گیا۔

(ملفوظات جلد اول ص 424)

عطیہ برائے گندم

۞ ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 200-4550/3 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم)

یوم تحریک جدید

۞ امراء و صدر صاحبان جماعت احمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ سال رواں کا پہلا ''یوم تحریک جدید'' 11۔اپریل 2008ء بروز جمعۃ المبارک منانے کا اہتمام فرمائیں جس میں مطالبات تحریک جدید پر خصوصی توجہ دلائی جائے اور اس کی رپورٹ سے وکالت دیوان کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

آسامیاں خالی ہیں

۞ ادارہ نور العین میں رسپشنسٹ اور ڈینٹل ٹیکنیشن کی آسامیاں خالی ہیں۔ جماعتی خدمت کا جذبہ رکھنے والے خدام اپنے زعیم محلّہ/صدر محلّہ کی تصدیق کے ساتھ درخواستیں بھجوائیں۔

☆ رسپشنسٹ کیلئے تعلیمی قابلیت کم از کم میٹرک/ ایف۔اے (کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی)

☆ ڈینٹل ٹیکنیشن کیلئے تعلیمی قابلیت کم از کم میٹرک سائنس/ایف۔ایس۔سی

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 28 مارچ 2008ء

5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-00 am	المائدہ
6-20 am	لقاء مع العرب
7-20 am	دورہ حضور انور
8-10 am	ترجمۃ القرآن
9-15 am	روہتاس فورٹ
9-50 am	مشاعرہ
10-30 am	ایم ٹی اے ٹریول
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	بستان وقف نو
1-05 pm	فرانسیسی سروس
1-30 pm	سرائیکی سروس
2-15 om	ملاقات
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	خطبہ جمعہ لائیو
7-20 pm	درس حدیث
7-50 pm	بنگلہ سروس
8-30 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
9-10 pm	خطبہ جمعہ
10-25 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

ہفتہ 29 مارچ 2008ء

1-35 am	خبریں
2-15 am	ایم ٹی اے ٹریول
2-45 am	خطبہ جمعہ
3-55 am	تلاوت
5-10 am	تلاوت، درس، خبریں
6-15 am	فرانسیسی سروس
6-40 am	لقاء مع العرب
7-45 am	خطبہ جمعہ
9-00 am	گفتگو
9-45 am	ایم ٹی اے ٹریول
10-20 am	ملاقات
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	بستان وقف نو
1-05 pm	رفقاء احمد
1-45 pm	خطبہ جمعہ
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	فرانسیسی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-05 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	انتخاب سخن
8-05 pm	بستان وقف نو
9-05 pm	روداد نیشنل اسمبلی 1974ء
9-45 pm	رفقاء احمد
10-25 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

اتوار 30 مارچ 2008ء

1-35 am	خبریں
2-05 am	بستان وقف نو
3-05 am	روداد نیشنل اسمبلی 1974ء
3-55 am	خطبہ جمعہ
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	آئل پینٹنگ
6-35 am	لقاء مع العرب
7-40 am	خطبہ جمعہ
8-55 am	مشاعرہ
9-50 am	سوال و جواب
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-15 pm	عربی سیکھئے
1-40 pm	دورہ حضور انور
2-20 pm	لجنہ پروگرام
2-50 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سپینش سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
6-55 pm	خطبہ جمعہ
8-00 pm	گلشن وقف نو
9-05 pm	روداد نیشنل اسمبلی 1974ء
10-25 pm	لقاء مع العرب
11-30 pm	عربی سروس

درخواست دعا

مکرم انور ندیم صاحب علوی ایڈووکیٹ دارالنصر شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم اورنگ زیب صاحب علوی نے ایم بی بی ایس کا فائنل امتحان پاس کرلیا ہے اور الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں ہاؤس آفیسر کی حیثیت سے کام شروع کردیا ہے۔ احباب جماعت ان کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے کام میں برکت دے اور خاص دست شفا عطا فرمائے۔ آمین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرم مبشر احمد شاہین صاحب ہمبرگ جرمنی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم وقاص احمد شاہین صاحب کے نکاح کا اعلان مکرمہ عائشہ آفاق صاحبہ بنت مکرم آفاق احمد صاحب برلن جرمنی سے مورخہ 29 فروری 2008ء کو بیت النور لاہور میں مکرم طاہر محمود خان صاحب مربی سلسلہ ماڈل ٹاؤن لاہور نے 5000 یورو حق مہر پر کیا۔ مکرم وقاص احمد شاہین صاحب مکرم صوبیدار فضل قادر صاحب اٹھوال کے پوتے اور مکرم ممتاز احمد صاحب باجوہ چک نمبر 33 جنوبی ضلع سرگودھا کے نواسے ہیں۔ مکرمہ عائشہ آفاق صاحبہ مکرم سی۔ اے رحمٰن صاحب مرحوم سابق صدر دارالقضاء ربوہ کی نواسی اور مکرم ممتاز احمد صاحب باجوہ چک نمبر 33 جنوبی ضلع سرگودھا کی پوتی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ خدا ہر دو خاندانوں کے لئے اور جماعت کے لئے یہ رشتہ ہر لحاظ سے بابرکت کرے۔ آمین

تقریب شادی

مکرم سعید احمد ڈھلوں صاحب رحمت آباد چکلالہ راولپنڈی حال مانٹریال کینیڈا تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے مکرم محبوب سعید صاحب ڈھلوں کے نکاح کا اعلان مکرمہ قرۃ العین صاحبہ بنت مکرم عبدالرزاق صاحب باب الابواب ربوہ کے ساتھ مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے مورخہ 28 مارچ 2005ء کو بیت المبارک ربوہ میں کیا جس کے تین سال بعد مورخہ 23 دسمبر 2007ء کو ربوہ میں تقریب رخصتانہ ہوئی۔ محترم طارق محمود جاوید صاحب مربی سلسلہ سیرالیون نے دعا کروائی۔ مورخہ 27 دسمبر 2007ء کو راولپنڈی میں دعوت ولیمہ ہوئی۔ مکرم محبوب سعید صاحب ڈھلوں ننھیال کی طرف سے حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کے بھائی مکرم حافظ ملک محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں مکرمہ قرۃ العین صاحبہ دفتر لجنہ پاکستان شعبہ مصباح کمپیوٹر سیکشن میں کام کرتی رہی ہیں دلہن ددھیال کی طرف سے اور دلہا اپنے ابا کے ننھیال کی طرف سے مکرم محمد دین صاحب 99 شمالی سرگودھا کی نسل سے ہیں اسی طرح دلہن ننھیال کی طرف سے اور دلہا ددھیال کی طرف سے مکرم بابا اللہ لوگ صاحب ترگڑی گوجرانوالہ کی نسل سے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے خوشیوں کا موجب اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم راجہ مسعود احمد صاحب ترکہ مکرم راجہ محمد نواز صاحب)

مکرمہ راجہ مسعود احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ ان کے والد مکرم راجہ محمد نواز صاحب ولد مکرم راجہ مواز خاں صاحب وفات پا چکے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 10/7 دارالصدر ربوہ برقبہ ایک کنال منتقل کردہ ہے۔ مکرم راجہ مسعود احمد صاحب کا بیان ہے کہ مکرم راجہ مقصود احمد صاحب کے علاوہ باقی ورثاء ان کے حق میں دستبردار ہو چکے ہیں۔ اس قطعہ میں سے مکرم راجہ مقصود احمد صاحب کا شرعی حصہ نکالنے کے بعد یہ قطعہ 10/7 دارالصدر ربوہ میرے نام منتقل کردیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع فرما کر ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

سانحہ ارتحال

مکرم کمانڈر مرزا محمد یوسف اختر صاحب سیکرٹری دعوت الی اللہ حلقہ بحریہ ٹاؤن کراچی تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی خوشدامنہ محترمہ امۃ الرحمٰن صاحبہ زوجہ مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب پٹیالوی مرحوم مورخہ 10 مارچ 2008ء کو بعمر 97 سال جرمنی میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ کا جنازہ ربوہ پہنچا اور بیت المبارک ربوہ میں مورخہ 15 مارچ 2008ء کو بعد نماز ظہر محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی مرحومہ موصیہ تھیں اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی قبر تیار ہونے پر مکرم ضمیر احمد ندیم صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ خاکسار کی اہلیہ محترمہ امۃ الجمیل صاحبہ صدر لجنہ قیادت نمبر 13 کراچی کی والدہ تھیں مرحومہ نے پسماندگان میں تین بیٹے اور چار بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں مقام علیین عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم فتح محمد صاحب خادم بیت الخلیل دارالعلوم غربی ربوہ بخار کی وجہ سے بیمار ہیں احباب سے کامل شفایابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت چوہدری برکت علی خان صاحب گڑھ شنکری

رفیق حضرت مسیح موعود خدمت اور محنت کا مثالی کردار

مکرم رانا سعید احمد خان صاحب

قسط اول

میرے دادا جان حضرت چوہدری برکت علی خان صاحب محترمہ لکھاں بی بی دختر چوہدری ستے خان صاحب کے بطن سے چوہدری میراں بخش صاحب کے ہاں بمقام گڑھ شنکر ضلع ہوشیارپور اندازاً 87-1886ء میں پیدا ہوئے۔ والدین راجپوت نسل سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ اکلوتی اولاد تھے۔ نہ آپ کا کوئی بھائی تھا اور نہ کوئی بہن۔ خاکسار آپ کے بعض حالات جن کا اکثر حصہ رفقاء احمد جلد ہفتم سے لیا گیا ہے دعا کی غرض سے ہدیۂ قارئین کرتا ہے۔

محترم دادا جان نے پانچویں جماعت تک تعلیم اپنے ننھیال بمقام سڑوعہ پائی۔ بعدازاں ورنیکلر مڈل تک اپنے وطن میں۔ 1900ء میں ورنیکلر مڈل کا امتحان دیا تو اس میں فیل ہوگئے پھر آپ نے اپنی تعلیم مکمل نہ کی۔

دادا جان فرماتے ہیں کہ زمانہ طالبعلمی میں اگرچہ میں نماز کا زیادہ پابند نہ رہا تھا مگر میں سکول جاتے وقت دل میں یہ دعا کرتا تھا "یا اللہ مجھے ایسا رہنما اور پیشوا ملادے جو مجھے قدم قدم پر نیکی کی طرف توجہ دلائے اور بدی کے کاموں سے روکے"۔

حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب گوڑیانوی سے آپ کا کچھ تعلق ہو گیا تھا اس لئے امتحان کے بعد ان کے پاس جانا اور وہاں اخبار الحکم پڑھنا شروع کر دیا۔ اس میں حضور کے کلمات طیبات اور الہامات وغیرہ شائع ہوتے تھے۔ میرے دادا جان فرماتے ہیں کہ میں نے اس زمانہ میں ان لوگوں کا نیک نمونہ دیکھا اور اخبار الحکم پڑھا تو میرے دل نے کہا کہ مجھے جس پیشوا کی ضرورت ہے اور جس کے لئے میں طالبعلمی کے زمانہ سے دل میں دعا کرتا تھا وہ یہی شخص ہے جس کی مجھے بیعت کرنا چاہئے۔ چنانچہ 1902ء میں ایک دن میں نے حضرت ڈاکٹر صاحب سے عرض کیا کہ میں بیعت کرنا چاہتا ہوں آپ میری بیعت کا خط حضرت مسیح موعود کی خدمت میں لکھ دیں۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ تمہاری راجپوتوں کی قوم بہت سخت ہے شاید وہ تمہیں روکیں اور تکالیف دے کر چاہیں کہ تم بیعت چھوڑ دو۔ میں نے اس وقت کہا کہ مجھے اپنی قوم کی پرواہ نہیں ہے اور نہ میں ان کی تکلیف دہی سے ڈرتا ہوں۔ اگر وہ اس راہ میں مجھے جان سے بھی ماردیں تو میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا۔ اس پر ڈاکٹر صاحب مرحوم نے میری بیعت کا خط لکھ دیا اور حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے دستخط سے بیعت کی منظوری کی اطلاع ملی۔ خط ملنے پر میری خوشی کی انتہا نہ رہی۔

بیعت کی منظوری آنے کے بعد میں نے ڈاکٹر صاحب سے عرض کیا کہ میں قادیان جا کر دستی بیعت بھی کرنا چاہتا ہوں مگر میں کبھی گڑھ شنکر سے باہر نہیں گیا اور نہ ریل کبھی دیکھی۔ مجھے قادیان کا راستہ بتا دیں۔ آپ نے کہا کہ یہاں سے بنگہ پہنچو۔ وہاں سے رحمت اللہ صاحب باغانوالہ کی دکان پر جاکر ان سے کہنا کہ پھگواڑہ ریلوے سٹیشن تک یکہ کرادیں اور ریل میں سوار ہو کر امرتسر گاڑی بدل کر بٹالہ دس بجے رات پہنچ جاؤ گے۔ بٹالہ میں ٹھہرنے کے لئے معین جگہ تو ہے نہیں سٹیشن پر یا کسی اور جگہ پر ٹھہر جانا۔ بٹالہ سے قادیان کو کچی سڑک جاتی ہے نماز فجر کے بعد قادیان چلے جانا۔

دادا جان فرماتے ہیں کہ میں روانہ ہوا اور جب بٹالہ سٹیشن سے نکلا تو سڑک پر ایک چھوٹی سی مسجد نظر آئی میں نے سوچا کہ مسجد میں ہی رات کا بقیہ وقت گزار کر صبح قادیان کی طرف جانا چاہئے۔ مسجد میں گئے ابھی تھوڑا وقت ہی ہوا تھا کہ ایک صاحب نے آکر کہا کہ تم کون ہو۔ میں نے کہا مسافر ہوں قادیان جانا ہے۔ اس نے گالی دیتے ہوئے سختی سے کہا کہ خبیث مرزائی آکر مسجد کو خراب کر جاتے ہیں صبح دھونی پڑے گی۔ تم یہاں سے نکل جاؤ۔ میں نے کہا میں تو کبھی یہاں آیا نہیں نہ کسی کو جانتا ہوں خدا کے گھر سے کیوں نکالتے ہو؟ میں یہاں سے نہیں جاؤں گا۔ اس پر وہ گالیاں دیتا اور سخت برا بھلا کہتا بڑبڑاتا ہوا چلا گیا۔ میں صبح فجر کی نماز پہلے پڑھ کر قادیان کے لئے روانہ ہوا اور یہ مسافت پیدل طے کی اور مہمان خانہ میں پہنچ گیا۔ لنگر خانہ میں روٹی کھائی پھر نماز ظہر کے لئے بیت مبارک میں چلا گیا۔

حضرت مسیح موعود کے در پر

بیت مبارک پہنچنے کے بعد حضرت مسیح موعود ایک کھڑکی میں سے بیت مبارک میں تشریف لائے۔ میں نے جب دیکھا تو بے اختیار میری زبان سے نکلا یہ تو سراپا نور ہی نور ہے۔ یہ تو سچوں اور راستبازوں کا چہرہ ہے۔ یہ وہی شخص ہے جس کی بابت اخبار الحکم میں "کلمات طیبات حضرت امام الزمان سلمہ الرحمٰن" پڑھا کرتا تھا اور جس مقدس وجود کی مجھے تلاش تھی۔

مغرب کی نماز کے بعد جب حضور شہ نشین پر جلوہ فرما ہوئے تو حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے میرا بازو پکڑ کر حضور کے پیش کیا اور فرمایا کہ حضور! یہ لڑکا بیعت کرنا چاہتا ہے (آپ کی عمر اس وقت 15-16 سال تھی) حضور نے نظر اٹھا کر دیکھا اور فرمایا کل بیعت کرلینا۔ دوسرے دن جب نماز مغرب کے بعد حضور شہ نشین پر جلوہ افروز ہوئے تو تھوڑی دیر بعد فرمایا:۔

"بیعت کرنے والے آگے آجائیں"۔

آپ شہ نشین سے اتر کر بیت الذکر کے فرش پر تشریف فرما ہوئے اور بیعت ہوئی۔ میرے ساتھ دو اور دوست بیعت کرنے والے تھے۔ بیعت کے بعد حضور نے مع جماعت دعا فرمائی اور حضرت ایڈیٹر صاحب الحکم نے اپنی نوٹ بک میں ہر سہ کے نام لکھ لئے۔ اس وقت بیعت کنندگان کے نام اخبار الحکم میں شائع ہوتے تھے۔ دادا جان لکھتے ہیں کہ میرا نام اگست 1902ء کے الحکم میں شائع ہوا۔ (الحکم 24 اگست 1902ء میں صفحہ 16 کالم 2 پر یوں موجود ہے "میاں برکت علی خان صاحب گڑھ شنکر ہوشیارپور) بیعت کے بعد قریباً ایک ہفتہ محترم دادا جان قادیان میں حضور کی صحبت میں رہ کر بعد اجازت گڑھ شنکر واپس آگئے۔

قادیان میں قیام اور خدمت دین کی سعادت

گھر آنے کے بعد ہر وقت دل میں یہ خواہش ہوتی کہ کاش مجھے قادیان میں حضرت مسیح موعود کی خدمت میں رہنے کا موقع ملتا۔ سال ڈیڑھ سال بعد دل نے فیصلہ کیا کہ میں قادیان میں رہوں گا خواہ وہاں فاقہ کرنا پڑے یا محنت مزدوری کر کے گزارا کرنا پڑے مگر رہوں گا قادیان میں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا فضل فرمایا اور 1904ء میں قادیان آگیا۔

قادیان آنے کے بعد اخبار الحکم میں پانچ روپے ماہوار پر نوکری مل گئی اللہ تعالیٰ نے قادیان میں رہنے کا سامان فرمادیا۔

1908ء تک اخبار الحکم میں کام کیا۔ اخبار کی آمدنی کم ہونے کی وجہ سے دادا جان کو فارغ کر دیا گیا۔ پھر دادا جان فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل ورحم کے ساتھ ایک اور دروازہ میرے لئے کھول دیا۔ وہ یہ کہ دفتر محاسب صدر انجمن احمدیہ میں محرر سوم پر کام شروع کیا اور تنخواہ بارہ روپے مقرر ہوئی۔ 10/ جنوری 1909ء سے کام پر حاضر ہو گیا صدر انجمن احمدیہ نے چھ ماہ بعد جولائی 1909ء میں مجھے پندرہ روپے ماہوار پر محرر سوم کے گریڈ میں مستقل کر دیا۔ فالحمدللہ۔ پندرہ روپے لیتے ہوئے ابھی دس ماہ گزرے تھے کہ دو روپے ماہوار ترقی دے کر سترہ روپے ماہوار پر مجھے دفتر تعمیر میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس وقت دفتر تعمیر کا کام بہت وسیع پیمانہ پر ہو رہا تھا کیونکہ تعلیم الاسلام ہائی سکول کی عمارت بن رہی تھی اور ہائی سکول کے بورڈنگ کے سامنے کا ونگ اور کوارٹر کارکنان بھی بن رہے تھے۔ ادھر اپنا بھٹہ بھی چل رہا تھا غرض پندرہ بیس ہزار روپے ماہوار خرچ تھا۔ اس کی تقسیم حسابات رکھنے وغیرہ کا کام میرے سپرد ہوا۔

سات آٹھ ماہ گزرنے کے بعد ایک دن مہتمم تعمیر حضرت قاضی عبدالرحیم صاحب نے مجھے شام کے وقت کہا کہ بٹالہ عدالت میں ایک مقدمہ کل پیش ہونا ہے اس میں مجھے دفتر تعمیر کا ایک رجسٹر پیش کرنا ہے مگر وہ رجسٹر محرر نے ایسا مسخ اور کانٹ چھانٹ کر دیا ہے کہ اسے پیش کرنے پر ہم ہی الٹا زیرالزام آئیں گے۔ اس لئے آج ساری رات اس کام پر لگا دیں اور راتوں رات رجسٹر کی نقل دوسرے رجسٹر پر کر دیں تا کہ کل اسے عدالت میں پیش کرسکوں۔ میں نے کہا کہ میں حکم کی تعمیل کے لئے حاضر ہوں۔ چنانچہ میں نے مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے اللہ کا نام لے کر کام شروع کر دیا اور جب نماز فجر کی ندا ہوئی تو میں رجسٹر مکمل کر چکا تھا۔ جون جولائی کے سخت گرم موسم کا یہ واقعہ ہے۔ عدالت میں رجسٹر پیش ہوا اور ڈگری مخالف پر ہوگئی۔

کچھ دنوں بعد افسر تعمیر نے فرمایا کہ میں رات کے کام کا انعام دینا چاہتا ہوں۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ اس صورت میں آپ مجھے محرر سوم کے گریڈ سے ترقی دے کر محرر دوم کے گریڈ میں مستقل کرا دیں۔ چنانچہ میرے بارہ میں حسن کارکردگی کی رپورٹ پر انجمن نے اس امر کی منظوری فرما دی۔ گویا سولہ ماہ کے اندر مجھے بارہ روپے ماہوار سے بیس روپے ماہوار ملنے لگے۔

آپ لکھتے ہیں کہ محرر دوم کرنے پر مجھے پھر دفتر محاسب میں تبدیل کر دیا گیا جہاں محرر اول حضرت منشی مرزا محمد اشرف صاحب تھے۔ میں نے ان سے عرض کیا کہ آپ مجھے خزانہ کا کام سکھا دیں۔ مرزا صاحب موصوف مجسم خدمت خلق اور خیرخواہ تھے۔ فرمایا آپ سیکھ لیں۔ ہر کام اپنے ہاتھ سے کرنے سے آیا کرتا ہے اس لئے دفتر کا اپنا فرض منصبی پورا کرو اور ساتھ خزانہ کا بھی کچھ کام کرو۔ میں فرض منصبی کا کام رات کو یا دن کو جب وقت ملتا کرتا اور دن کے وقت عام طور پر خزانہ کا کام کرتا اور منشی صاحب روزانہ میرا کام دیکھ کر اصلاح فرماتے۔ جب میں خزانہ کا کام اچھی طرح سیکھ گیا تو کچھ عرصہ کے بعد صدر انجمن نے منشی صاحب کو محاسب کے عہدے پر مقرر فرمایا اور مجھے تین ماہ کے لئے عارضی طور پر محرر اول کا قائم مقام بنا کر کہا گیا کہ تین ماہ بعد میرا کام دیکھ کر مجھے مستقل محرر اول کیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ تین ماہ گزرنے پر خود سیکرٹری مجلس نے ایک دن اچانک صبح آکر میرا کام دیکھا تو اُسے تسلی بخش پایا اور مجھے محرر اول کر دیا گیا۔ میرے الاؤنس اور گریڈ محرر اول میں جو 30-3-45 تھا بہت فرق تھا۔ مجلس نے فیصلہ فرمایا کہ میں اپنے محرر دوم کے گریڈ کو دگنی ترقی سے طے کروں۔ چنانچہ اسی طرح عمل میں آیا۔

صدر انجمن نے 1923ء میں مجھے دفتر نظارت

مال میں تبدیل کر دیا جہاں حضرت مولوی عبدالمغنی خان صاحب ناظر تھے۔ غالباً 1930ء میں صدر انجمن کی مالی حالت بہت نازک ہوگئی تو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک تحریک ''خاص چندہ'' کی فرمائی۔ اس پر حضرت مولوی صاحب مرحوم نے خاکسار کو فرمایا کہ اس تحریک کو کامیاب کرنے میں پوری کوشش سے کام کیا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا اور حضور کی دعاؤں اور ہدایات کے ساتھ تحریک کامیاب ہوگئی۔

1931ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کشمیر کمیٹی کے صدر مقرر ہوئے اور سیکرٹری حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب درد کو مقرر فرمایا۔ شاید حضرت مولوی عبدالمغنی خان صاحب نے حضور کی خدمت میں عرض کیا ہو کہ چندہ تحریک خاص کے کامیاب بنانے میں خاکسار کا بڑا حصہ ہے۔ ممکن ہے یہ امر اس کا باعث ہوا ہو کہ حضور نے خاکسار کو کشمیر ریلیف فنڈ کا فنانشل سیکرٹری مقرر فرمایا۔ خاکسار نے حضور کی ہدایات کے تحت کام شروع کیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم سے ہزاروں ہزار روپیہ کشمیر ریلیف فنڈ میں عطا فرمایا اور خرچ ہوا۔

1932ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے صدر انجمن کو حکم دیا کہ خاکسار کو آڈیٹر اور حضرت مرزا محمد شفیع صاحب پنشنر پوسٹل انسپکٹر کو محاسب مقرر کیا جائے اور حضرت منشی محمد اشرف صاحب کو پنشن دے دی جائے۔ چنانچہ اس حکم کی تعمیل ہوئی اور منشی صاحب کو حضور نے بعد پنشن احمد آباد محمود آباد وسنڈیکیٹ کا سیکرٹری مقرر فرمایا جنہوں نے اپنی عادت مستمرہ کے مطابق سندھ میں جماعت کے لئے حصول اراضی میں بہت کوشش کی اور اس میں اللہ تعالیٰ نے ان کو کامیاب فرمایا۔

2 فروری 1933ء کو حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب درد دعوت الی اللہ کے لئے لندن بھیجے جا رہے تھے۔ اور آپ دارالانوار کمیٹی کے سیکرٹری بھی تھے۔ حضور نے ایک روز قبل بعد نماز مغرب خاکسار کو فرمایا کہ آپ ابھی جا کر دارالانوار کمیٹی کا چارج درد صاحب سے لے لیں وہ صبح ولایت جا رہے ہیں۔ چنانچہ خاکسار نے حضور کے حکم کی تعمیل کی اور چارج لے لیا۔ چارج میں مَیں نے دیکھا کہ دارالانوار کا سارا ریکارڈ مکمل تھا اور مجھے اس میں ذرا دقت نہیں ہوئی۔ اور جب بھی مشکل ہوئی حضور سے رہنمائی لے لی۔

اس وقت میرے ذمہ تین کام ہوگئے۔ بطور آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ، فنانشل سیکرٹری کشمیر ریلیف فنڈ اور سیکرٹری دارالانوار کمیٹی۔

تحریک جدید کے سلسلہ میں غیر معمولی خدمات

23 نومبر 1934ء کو حضور نے ایک خطبہ کے ذریعہ تحریک جدید کا آغاز فرمایا اور اس کے دوسرے دن صبح ہی حضور لاہور تشریف لے جا رہے تھے۔ احمدیہ چوک حضور کے انتظار میں کھچا کھچ بھرا ہوا تھا کہ حضور بیت مبارک کی چھوٹی سیڑھیوں سے جو دفتر محاسب کے قریب کھلتی ہے تشریف لائے۔ خاکسار دفتر محاسب کے دروازے کے سامنے کھڑا تھا۔ خاکسار نے سلام کے بعد مصافحہ کیا تو حضور نے مسکراتے ہوئے فرمایا: ''آپ تحریک کا کام شروع کر دیں اور ایک ہزار احباب کے پتے نکالیں''۔ خاکسار نے دل میں آمنا و صدقنا کہا۔ حضور لاہور سے جمعرات کے دن واپس تشریف لائے تو خاکسار نے ایک ہزار کی فہرست پیش کر دی۔

اللہ تعالیٰ کا بے حد فضل ہے کہ خاکسار کو ایک ساتھ چار کام کرنے کا موقع عطا فرمایا۔ کشمیر فنڈ اور دارالانوار کے کام کے لئے مجھے دو مددگار بھی مل گئے تھے لیکن آڈیٹر اور تحریک جدید کا کام خاکسار اکیلا ہی کر رہا تھا۔ حضور کی خدمت میں روزانہ رپورٹ پیش کرنے کے لئے حسابات بنانے اور خطوط کی منظوری کی روزانہ اطلاع دینے اور تحریک جدید کی رپورٹ پیش کرنے کے بعد مزید تکمیل کے لئے دفتر کی پابندی کا سوال ہی نہ رہا۔ اور نہ ہی مَیں نے 1904ء سے 1908ء اور پھر 1909ء سے اب تک اس کا خیال کیا کہ دفتر کا وقت ختم ہوگیا ہے چلو گھر چلیں۔ بلکہ یہ بات گھٹی میں پڑی ہوئی تھی کہ جب تک روزانہ کام ختم نہ ہو دفتر بند نہ ہو۔ اگر ضرورت پڑے تو گھر سے جا کر روزانہ کام ختم کرو۔ پس مَیں نے دفتر کے وقت کا خیال نہیں رکھا بلکہ روزانہ کام ختم کرنا اصول بنایا۔ اتفاق کی بات ہے کہ تحریک جدید کا دفتر حضور کے قصر خلافت میں تھا۔ خاکسار تو رات کے دس بجے یا کبھی بارہ بجے تک کام کرتا۔ جب خاکسار کا آقا ساری ساری رات کام کرتا تھا تو میرے لئے کیا عذر تھا کہ زیادہ وقت لگا کر کام پورا نہ کروں۔ تحریک جدید کے خطوط کے نوٹ مَیں نے بڑی احتیاط سے محفوظ رکھے تھے کیونکہ خاکسار نے پانچویں سال میں ہی ارادہ کر لیا تھا کہ حضور کے ارشادات کسی نہ کسی طرح ضرور شائع کروں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ مگر مرضی مولا از ہمہ اولیٰ۔ وہ تمام ذخیرہ پاکستان آتے وقت ساتھ نہ لا سکا سوائے تحریک جدید کے رجسٹروں کے۔

آپ لکھتے ہیں کہ مجھے خوب یاد ہے کہ پہلے سال کے وعدوں کے آخری میعاد پندرہ جنوری 1935ء یعنی کل ڈیڑھ ماہ اور وعدوں کے خطوط 23رجنوری تک آئے جن کی میزان ایک لاکھ دس ہزار ہوئی جو تحریک کے مطالبہ ساڑھے ستائیس ہزار سے چار گنا تھی۔ یہ جماعت کے اخلاص اور حضور کی دعاؤں کا نتیجہ تھا۔ خاکسار جو روزانہ تفصیلی رپورٹ دیتا تھا 23رجنوری کے بعد اسے خاکسار نے بند کر دیا اور یہ خیال کیا کہ اب صدر انجمن احمدیہ کے قواعد کے مطابق ہفتہ وار رپورٹ پیش کیا کروں گا۔ تین دن متواتر رپورٹ نہ ملنے پر حضور نے خاکسار کو بلا کر پوچھا کہ رپورٹ تین دن کی کیوں نہیں دی۔ خاکسار نے عرض کیا کہ اب وعدے آچکے ہیں خاکسار آئندہ بطریق صدر انجمن ہفتہ وار رپورٹ پیش کرے گا۔ اس پر فرمایا: ''میرے ساتھ کام کرنے والے کو روزانہ رپورٹ مجھے پہنچا کر دفتر بند کرنا ہوگا''۔

مجھے جس وقت تحریک جدید کا کام تفویض ہوا اس وقت میرا حافظہ اتنا کمزور تھا کہ مَیں بات کرتے کرتے بھول جاتا تھا۔ اس وقت مَیں نے دعا کے لئے عرض کیا تو اللہ تعالیٰ نے ایسا فضل فرمایا کہ ریکارڈ سے متعلق کام کے سوا بہت سارا دفتری کام یادداشت پر کرتا ہوں اور خطوط کے جواب میں اپنی قلم سے بواپسی زبانی اسی وقت دے دیتا ہوں۔

حضرت دادا جان نے بطور وکیل المال 64 صفحات پر مشتمل ایک کتابچہ ''جانی و مالی قربانیوں کے مطالبات'' مرتب کر کے 1938ء میں شائع کیا تھا۔ اس میں حضور کے خطبات 1934ء تا 1938ء کے اقتباسات جمع کئے گئے ہیں۔

حضرت دادا جان نے آڈٹ صدر انجمن اور تحریک جدید کا کام پانچ سال تک مشترکہ کیا اس کے بعد صدر انجمن کی درخواست پر حضرت مصلح موعود نے انہیں دوسرا آدمی مقرر کرنے کی اجازت عطا فرمائی اور حضرت دادا جان تحریک جدید کے کام پر مامور رہے۔

شادیاں اور اولاد

حضرت دادا جان کی پہلی شادی دسمبر 1908ء میں اپنے ماموں کی بیٹی سے ہوئی۔ محترمہ دادی جان نمازوں کی پابند اور موصیہ تھیں۔ 1918ء میں انفلوئنزا میں وفات ہوئی اور بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہوئیں۔ دادا جان کی دوسری شادی 1920ء میں مرحومہ کی بہن سے ہوئی وہ اپریل 1949ء میں وفات پاگئیں۔ آپ بھی موصیہ تھیں اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن ہوئیں۔ وہ تحریک جدید کے پانچ ہزاری مجاہدین میں شامل تھیں۔ دادا جان کو اللہ تعالیٰ نے پہلی بیوی سے ایک بیٹی سے نوازا اور دوسری اہلیہ سے پانچ بیٹے اور دو بیٹیاں عطا کیں۔ سوائے ایک کے سب کے سب شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں اور فضلوں سے خوش باش ہیں۔ آپ کے سب سے بڑے بیٹے مبارک احمد تھے۔ دوسرے نمبر پر کرامت احمد خان صاحب جنہوں نے اپنی ساری زندگی فضل عمر ہسپتال میں خدمت کی توفیق پائی۔ تیسرے بیٹے بشارت احمد خان صاحب جنہوں نے دفتر صدر انجمن احمدیہ میں خدمات کی توفیق پائی اور ریٹائر ہو کر ربوہ میں رہائش پذیر ہیں۔

آپ کے چوتھے بیٹے سعادت احمد خان صاحب (خاکسار کے والد) تھے جنہوں نے دفتر تحریک جدید میں تادم آخر خدمت کی توفیق پائی۔

پانچویں بیٹے رفاقت احمد خان صاحب وقف تو نہیں تھے مگر ربوہ میں رہائش رکھتے تھے۔ آپ نے ساری زندگی باہر کے ملکوں میں گزاری اور آخر ربوہ میں صبح نماز فجر ادا کرتے ہوئے بیت الذکر میں ہارٹ اٹیک ہوا اور وفات پائی۔

اللہ تعالیٰ نے دادا جان کو تین بیٹیاں عطا فرمائیں جو سب کی سب شادی شدہ ہیں اور اپنے اپنے گھروں میں خوش ہیں۔

مورخہ 11 جون 1934ء کو حضرت مصلح موعود نے ہماری پھوپھی محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ کے نکاح کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا ''گلے میں تکلیف کی وجہ سے زیادہ بول نہیں سکتا اور مَیں نے اس نکاح کا اعلان خود کرنا اس لئے منظور کر لیا تھا کہ میری نگاہ میں فریقین مخلص ہیں۔ چوہدری برکت علی خان جن کی لڑکی کا نکاح ہے بچپن میں قادیان آئے اور ان چند اشخاص میں سے ہیں جو محنت، کوشش اور اخلاص سے کام کرنے والے ہیں اور جن کے سپرد کوئی کام کر کے پھر انہیں یاددہانی کی ضرورت نہیں ہوتی..........عام پبلک کام تو مَیں نے چوہدری برکت علی خان کو دیا نہیں۔ مگر جن کاموں پر ان کو لگایا ان کے متعلق میرا ذاتی تجربہ اور افسروں کی رپورٹ یہی ہے کہ اخلاص اور سرگرمی سے کام کیا۔..........دوسری طرف محمد اسماعیل صاحب ہیں جو قریباً ان پڑھ ہیں اور معماری کا کام کرتے ہیں گو ان کے کام کی نوعیت کی وجہ سے مجھے ان سے کبھی واسطہ نہیں پڑا مگر ان کا اخلاص مختلف نوعیت سے ظاہر ہوتا رہا ہے جس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ اخلاص کی بنیاد ایمان پر ہوتی ہے نہ کہ ظاہری تعلیم پر، وہ بھی مخلص ہیں''۔

حضرت دادا جان کو نصف صدی سے زائد عرصہ تک سلسلہ کی نمایاں اور ممتاز خدمت کرنے کی توفیق ملی آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ اور وکیل المال تحریک جدید کی حیثیت سے شاندار کام کرنے کے علاوہ آپ کو متعدد دیگر اہم دینی کاموں کی سرانجام دہی کا موقع بھی ملا۔ قادیان اور دارالرحمت ربوہ (بیت ناصر) میں پختہ اور وسیع بیوت تعمیر کرائیں اور ان کے لئے بڑی جانفشانی سے چندہ جمع کیا۔ 1931ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کو تحریک خاص کا انچارج بنایا۔ چنانچہ آپ کو تین ماہ کی قلیل مدت میں ایک لاکھ روپیہ جمع کرنے کی توفیق ملی۔ آپ نے قریباً تمام عمر خدمت سلسلہ میں بسر کر کے قربانی و ایثار، انتھک محنت اور سلسلہ کے ساتھ والہانہ عقیدت کی ایک شاندار مثال قائم کر دکھائی۔

وفات

آخر مورخہ 7راپریل 1960ء بروز جمعرات کی سہ پہر تقریباً 73 سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ اور مورخہ 8راپریل بعد نماز جمعہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے اپنے مکان کے سامنے والے میدان میں دادا جان کی نماز جنازہ پڑھائی اور نعش کو کندھا دیا۔ اس نماز جنازہ کو یہ قابل رشک خصوصیت حاصل تھی کہ جمعہ کا مبارک دن تھا اور ہزارہا مقامی احباب کے علاوہ احمدی جماعتوں کے وہ نمائندگان بھی شامل ہوئے جو ملک کے طول وعرض سے مجلس مشاورت میں شریک ہونے کے لئے ربوہ تشریف لائے ہوئے تھے۔

☆......☆......☆

مکرم ملک لطیف احمد صاحب

میری اہلیہ مکرمہ رشیدہ بیگم صاحبہ

حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا تھا:۔

چھوڑنی ہوگی تجھے دنیاء فانی ایک دن
ہر کوئی مجبور ہے حکم خدا کے سامنے

جو اس فانی دنیا کو چھوڑ جاتے ہیں ان کی یادیں باقی رہ جاتی ہیں۔ جن لوگوں نے اس دارفانی میں اچھے کردار کے ساتھ زندگی بسر کی ہو ان کی یادیں بھی اچھی ہوتی ہیں۔ آج میں اپنی زوجہ مرحومہ رشیدہ کے اوصاف حمیدہ کی چند یادیں تحریر کر رہا ہوں۔ جو کہ مثالی اور قابل تقلید ہیں۔

میری اور میرے بھائی جان ملک منور احمد صاحب جہلمی کی شادیاں ایک ہی گھر 1960ء میں ہوئیں۔ ہماری بیویوں کے والد صاحب حافظ قرآن مکرم حافظ غلام علی صاحب تھے جو کہ ہسولہ ضلع چکوال میں رہتے تھے۔ ہسولہ ایک پسماندہ گاؤں تھا جہاں صرف پرائمری سکول بچیوں کے لئے تھا۔ دونوں بہنیں پرائمری پاس تھیں۔ ان دونوں کی والدہ بھی نیک فطرت منکسر المزاج اور خوش گفتار تھیں۔ یہ دونوں بہنیں بھی فطرتاً بہت اچھی تھیں۔ جس وقت شادیاں ہوئیں میری بھاوجہ کی عمر سولہ سال کے قریب اور میری بیوی کی عمر چودہ سال ہوگی۔ ہماری والدہ پیدائشی احمدی اور احمدیت کی برکات سے مالا مال تھیں۔ اپنی ان بہوؤں کو حقیقی بچیوں کی طرح پیار کیا اور تربیت کی۔ بوقت شادی میری عمر بیس سال تھی میں کم گو، سنجیدہ اور کھلنڈرہ سا نوجوان تھا ایک اچھے شوہر کے اوصاف پورے نہیں تھے۔ لیکن باوجود میری لاپرواہی کے اس نے میری تہہ دل سے قدر اور خدمت کی۔ ہماری پینتالیس سالہ رفاقت میں اس نے کبھی بھی کسی بھی قسم کی کوئی فرمائش نہ کی۔ حتیٰ کہ اپنے میکے جانے کو بھی نہ کہا۔ اکثر جاتے رہتے تھے لیکن میرے پروگرام کے تحت۔ جس وقت ہماری شادی ہوئی کرایہ کے مکان میں رہے۔ اس وقت ہم دونوں بھائی صدر انجمن احمدیہ کے کارکن تھے۔ جب بھائی جان کو صدر انجمن کا کوارٹر الاٹ ہوگیا تو ہم دونوں کے لئے کافی تھا وہاں منتقل ہوگئے۔ پھر میری تبدیلی دارالضیافت میں بطور اکاؤنٹنٹ ہوئی۔ تبدیلی سے چند ہفتے قبل حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے، صدر انجمن کی کوٹھی جو دارالضیافت کے سامنے واقع تھی کو خالی فرما کے اپنی ذاتی کوٹھی البشریٰ واقع دارالصدر شمالی میں قیام فرما ہوئے۔ تو صدر انجمن والی متبرک کوٹھی مجھے الاٹ ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ نے اسی کوٹھی میں قیام کے دوران ہمیں پہلی بچی سے نوازا۔ وہ بھی خاص حضرت میاں صاحب والے کمرہ میں۔

اب زندگی کا ایک نیا دور شروع ہوا۔ دلہن سے والدہ بن گئی۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور عنایات ہیں کہ وہ پانچ بیٹیوں اور ایک بیٹے اور ایک بھانجی یعنی کل سات بچوں کی تربیت کرنے والی کامیاب و کامران ماں ثابت ہوئی۔ ہماری طرح دو بھائیوں کے گھر دو بہنیں کافی دیکھنے میں آتی ہیں۔ لیکن ایک ہی گھر میں تین سگی بہنیں۔ تین سگے بھائیوں کے گھر دلہنیں بن کر گئی ہوں۔ کم ہی دیکھنے میں آئی ہیں۔ اس طرح میرے تین سگے بھانجے (لیاقت، سلیم اور وسیم) میرے داماد ہیں۔ اس عمل کے پیچھے میری زوجہ مرحومہ کی تربیت کا اثر تھا کہ جس کی وجہ سے بچیوں کو پسند کیا گیا۔ الحمدللہ تینوں خوش باش زندگی گزار رہی ہیں۔

اجلاسوں میں باقاعدگی سے جانا اور دوران اجلاس خاموشی اور متانت سے کارروائی سننا اور دیکھنا اس کا خاصہ تھا۔ دوسری خواتین کی طرح گفتگو سے پرہیز کرنا۔ ہاں اجلاس کے اختتام پر مختصر اور معقول دعا سلام ضرور کرتیں۔ اجلاس کے بعد صدر صاحبہ لجنہ اس کو بلاتیں اور شفقت کا اظہار فرماتیں۔ جن دنوں رہائش صدر انجمن کے کوارٹرز میں تھی اس وقت حضرت مولانا عبدالمالک خان صاحب مرحوم کی بیگم صاحبہ لجنہ کی صدر تھیں۔ بعد میں مکرم چوہدری عبدالواحد صاحب مرحوم نائب ناظر مال کی بیگم صاحبہ صدر لجنہ بنیں۔ پھر مکرم پروفیسر عبدالسلام اختر صاحب مرحوم کی بیگم صاحبہ صدر لجنہ بنیں۔ ان تین بزرگ خواتین نے رشیدہ بیگم سے ہمیشہ پیار کیا اور دوسری خواتین کو اس کی مثال دیتیں کہ اجلاس میں رشیدہ کی طرح آنا چاہئے۔

رسالہ مصباح کی تازندگی مستقل خریدار رہیں۔ بڑے شوق سے مطالعہ کرتی اور بچیوں بچوں کے لئے رسالہ تشحیذ الاذہان لگوایا ہوا تھا۔ جب ہمارے والد صاحب کی بینائی مطالعہ کے قابل نہ رہی تو روزانہ رشیدہ بیگم ان کو سلسلہ احمدیہ کی کتب پڑھ کر سناتی۔ کبھی کبھی بچیاں بھی سناتیں لیکن اباجی فرماتے کہ جس انداز سے رشیدہ پڑھ کر سناتی ہے لطف آتا ہے۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل اور شوق مطالعہ کا نتیجہ تھا ورنہ تعلیم تو صرف پرائمری تک تھی۔

مہمان اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتا ہے۔ کلر کہار گاؤں میں سب زیادہ مہمان ہمارے گھر آتے تھے۔ ہماری والدہ صاحبہ کے میکے گاؤں کے رشتہ دار اور غیر رشتہ دار اپنے ذاتی کاموں (متعلقہ تار گھر، پوسٹ آفس، پنشن آفس، پولیس سٹیشن اور ہسپتال) کے لئے آتے تو کام سے فارغ ہونے کے بعد یا قبل ہمارے ہاں آجاتے جہاں خندہ پیشانی والے میزبان میسر ہوتے۔

علاوہ ان کے احمدی احباب بھی بکثرت آتے رہتے۔ دوران قیام کلر کہار اس کو میزبانی کا خوب موقع ملا۔

چونکہ مہمان نوازی کی مہارت اور عادت ہوگئی تھی۔ اس لئے جلسہ سالانہ کے موقع پر یا کسی اور موقع پر جتنے بھی مہمان آجاتے بڑی خوشی سے نہایت خوش اخلاقی سے خدمت کرتی۔ کبھی بھی کسی مہمان کو شکایت کا موقع نہ دیا۔ سب کے سب خوش خوش واپس جاتے۔

عام روٹین میں محلّہ سے یا دوسرے محلّہ جات سے اگر کوئی خاتون آجاتیں تو اچھے رنگ میں استقبال کرنا اور بمطابق موسم خورونوش پیش کرنا۔ ہمیشہ خوش اخلاقی اور مسکراہٹ کے ساتھ پیش آنا اس کا خاصہ تھا۔

میں نے عرصہ پینتالیس سال میں کبھی نہیں سنا کہ اس کی یا اس کی بچیوں کا کسی نے ذکر بد کیا ہو۔

زندگی کے آخری دو سال ایک عارضہ میں گزارے۔ خون میں آکسیجن کی کمی ہو جاتی تھی۔ ادویات کے علاوہ 5,4 ماہ کے بعد ہسپتال جا کر آکسیجن کی کمی پوری کروا کے واپس آجانا۔ لیکن آخری دو ماہ گھر میں آکسیجن مہیا کرنے کا بندوبست کرلیا۔ دو ماہ کے بعد ایسا محسوس ہوا کہ ممکن ہے ہمیں آکسیجن والا سلنڈر اچھا نہ ملا ہو۔ یہ سوچا کہ ہسپتال جا کر آکسیجن لے کر حسب معمول واپس آجاتے ہیں۔ ہم 6 جون 2005ء ہسپتال گئے اور طبیعت سنبھل گئی خیال تھا کہ ڈاکٹر صاحب ابھی گھر جانے کی اجازت دے دیں گے لیکن چار پانچ گھنٹے بعد ICU میں منتقل کر دیا گیا۔ رات وہیں گزاری لیکن صبح 7 جون 2005ء کو تقریباً ساڑھے سات بجے راہی ملک عدم ہوئی۔ دوسالہ بیماری کے عرصہ میں ایک دفعہ بھی مایوسی کا اظہار نہ کیا۔ نہ چڑچڑا پن محسوس ہوا جب بھی کوئی حال پوچھتا مسکرا کر جواب دیتی ٹھیک ہوں۔

اس دعا پر ختم کرتا ہوں کہ مولیٰ کریم ہر آدمی کو اس جیسی اچھی بیوی دے جو زندگی میں خوشیاں ہی خوشیاں دے اور بچوں کی اسی طرح اچھی تربیت کرے جس طرح رشیدہ بیگم نے کی اور یہ بھی کہ مولیٰ کریم اس کے درجات بلند کرے اور مقام جنت عطا کرے۔

آمین یارب العالمین

☆......☆......☆

بیعت کا عملی اقرار

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں:۔

جب تک بیعت کا اقرار عملی طور پر نہ ہو بیعت کچھ چیز نہیں ہے۔ خدا کی اطاعت پر قائم رہو جو عہد تم نے بیعت میں کیا ہے اس پر قائم رہو خدا کے بندوں کو تکلیف نہ دو...... یاد رکھو بیعت کا زبانی اقرار کچھ شے نہیں ہے اللہ تعالیٰ تزکیہ نفس چاہتا ہے...... سچے دل سے ہر ایک حکم کی اطاعت کرو کہ خدا تعالیٰ راضی ہو اور دشمن بھی جان لے کہ اب بیعت کر کے یہ شخص وہ نہیں رہا جو کہ پہلے تھا۔

(ملفوظات جلد3 ص68,572,621)

چاہئے کہ بیعت کے بعد غیروں کو بھی اور اپنے رشتہ داروں اور ہمسایوں کو بھی ایسا نمونہ بن کر دکھاوے کہ وہ بول اٹھیں کہ اب یہ وہ نہیں رہا جو پہلے تھا۔

(ملفوظات جلد5 ص283)

ہر ایک جو بیعت کرتا ہے اسے واجب ہے کہ ہمارے دعویٰ کو خوب سمجھ لے ورنہ گناہ ہوگا ...... ہماری جماعت اگر جماعت بننا چاہتی ہے تو اسے چاہئے کہ ایک موت اختیار کرے، نفسانی امور اور نفسانی اغراض سے بچے رہو اور اللہ تعالیٰ کو سب شے پر مقدم رکھے...... جو بیعت کر کے موت کو اختیار نہیں کرتا تو پھر یہ شکایت نہ کرے کہ مجھے بیعت سے فائدہ نہیں ہوا...... اگر کوئی شخص بیعت کر کے...... ہم پر احسان کرتا ہے تو یاد رکھے ہم پر کوئی احسان نہیں بلکہ یہ خدا کا اس پر احسان ہے کہ اس نے یہ موقعہ اسے نصیب کیا ...... بیعت کے بعد ...... اگر اپنی اصلاح اور تبدیلی نہیں کرتا تو سخت جوابدہ ہے...... سچے (-) بنو تا کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں تمہاری کوئی قدر و قیمت ہو۔

(ملفوظات جلد3 ص436,458,487,610)

خوب یاد رکھو کہ معلوم نہیں کہ موت کس وقت آجاوے لیکن یہ یقینی امر ہے کہ موت ضرور ہے پس نرے دعوے پر ہرگز کفایت نہ کرو اور خوش نہ ہو جاؤ وہ ہرگز ہرگز فائدہ رساں چیز نہیں جب تک انسان اپنے آپ پر بہت سی موتیں وارد نہ کرلے اور بہت سی تبدیلیوں اور انقلابات میں سے ہو کر نہ نکلے وہ انسانیت کے اصل مقصد کو نہیں پا سکتا۔

(ملفوظات جلد1 ص416)

صرف زبان سے کہہ دینا کہ میں نے بیعت کرلی ہے کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتا جب تک عملی طور سے کچھ کر کے نہ دکھلایا جاوے صرف زبان کچھ نہیں بنا سکتی...... یہ وقت ہے کہ سابقون میں داخل ہو جاؤ یعنی ہر نیکی کے کرنے میں سبقت لے جاؤ۔ اعمال ہی کام آتے ہیں زبانی لاف وگزاف کسی کام کی نہیں ...... حقیقی جماعت کے معنے یہ نہیں ہیں کہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر صرف بیعت کر لی بلکہ جماعت حقیقی طور پر جماعت کہلانے کی تب مستحق ہو سکتی ہے کہ بیعت کی حقیقت پر کاربند ہو سچے طور سے ان میں ایک پاک تبدیلی پیدا ہو جاوے اور ان کی زندگی گناہ کی آلائش سے بالکل صاف ہو جاوے۔ نفسانی خواہشات اور شیطان کے پنجے سے نکل کر خدا تعالیٰ کی رضا میں محو ہو جاویں...... اللہ تعالیٰ صرف دعووں سے خوش نہیں ہوتا جب تک کوئی حقیقت ساتھ نہ ہو اور دعوے کے ثبوت میں کچھ عملی ثبوت اور تبدیلی حالت کی دلیل نہ ہو۔

(ملفوظات جلد5 ص453,454,604)

ماخوذ

دنیا بھر سے دلچسپ معلومات

قدرتی گیس کے ذخائر

امریکی ہفت روزہ ٹائم میگزین کے شمارہ مورخہ 16 اپریل 2007ء کے مطابق پوری دنیا میں قدرتی گیس کے اب تک کے ثابت شدہ ذخائر کے لحاظ سے موجودہ روس کا نمبر پہلا ہے۔ قطر کا دوسرا، ایران کا تیسرا جبکہ گیس کی برآمد میں ان کے علاوہ الجزائر اور وینزویلا پانچ بڑے برآمد کنندگان کہلاتے ہیں۔ ثابت شدہ ذخائر کے لحاظ سے دس بڑے ممالک درج ذیل ہیں۔

1۔	موجودہ روس (رشین ریپبلک)	1,680	ٹریلین کیوبک فٹ
2۔	قطر	991	ٹریلین کیوبک فٹ
3۔	ایران	974	ٹریلین کیوبک فٹ
4۔	سعودی عرب	240	ٹریلین کیوبک فٹ
5۔	متحدہ عرب امارات	214	ٹریلین کیوبک فٹ
6۔	امریکہ	204	ٹریلین کیوبک فٹ
7۔	نائیجیریا	182	ٹریلین کیوبک فٹ
8۔	الجزائر	162	ٹریلین کیوبک فٹ
9۔	وینزویلا	152	ٹریلین کیوبک فٹ
10۔	عراق	112	ٹریلین کیوبک فٹ

☆ دس بڑے گیس ذخائر کے حامل ممالک سے 7 مسلم اکثریتی ممالک ہیں۔ ان کے کل ثابت شدہ ذخائر 2,795 ٹریلین کیوبک فٹ کے مساوی ہیں۔ (واضح رہے کہ ٹریلین ایک ہزار بلین یا دس کھرب کو کہتے ہیں) ان کے علاوہ وسطی ایشیا کے مسلم ممالک اور انڈونیشیا، پاکستان، مصر، لیبیا، یمن، ملائشیا، بنگلہ دیش (مشرقی پاکستان) میں بھی گیس کے قابل ذکر ذخائر موجود ہیں۔

تنخواہ میں اضافہ

☆ سنگاپور کی حکومت کے اس اعلان کے بعد کہ وزراء کی تنخواہوں میں 60 فیصد اضافہ کیا جارہا ہے۔ ملک کے وزیراعظم لی ہین لونگ کی سالانہ تنخواہ 20 لاکھ ڈالر ہوجائے گی۔

یاد رہے کہ امریکی صدر جارج ڈبلیو بش کی سالانہ تنخواہ 4 لاکھ ڈالر ہے۔

ارب پتی لوگ

☆ امریکی ہفت روزہ ''نیوز ویک'' کے مطابق (دنیا بھر کے 6 ارب انسانوں میں سے) صرف 946 ارب پتی لوگوں کی مجموعی دولت کا اندازہ 3ء5 ٹریلین ڈالر ہے۔ ایک ٹریلین ایک ہزار ارب کے مساوی ہوتا ہے۔

گویا ان ایک ہزار سے بھی کم مالداروں کے پاس ساڑھے تین ہزار ارب ڈالر کی دولت ہے۔ پاکستانی روپے میں اس دولت کا اندازہ کرنے کے لئے اسے 60 سے ضرب دے دیجئے۔ یہ دو ہزار ایک سو کھرب روپے بنتے ہیں۔ واضح رہے 15 کروڑ انسانوں کے ملک پاکستان کا سالانہ بجٹ ابھی تک پندرہ کھرب سے بھی کم ہے۔

عراق میں قتل وغارت

☆ عراق میں مارے جانے والے ایک (غیر ملکی) سپاہی یا میرین کے مقابل کم از کم 20 عراقی قتل ہوتے ہیں۔

(بحوالہ ہفت روزہ نیوز ویک 12 اپریل 2007ء)

اوسط عمر

☆ جاپانی عورتوں کی اوسط عمر 2005ء میں 85 سال رہی۔ 2000ء کے مقابلے میں یہ حد تقریباً ایک سال بڑھی۔ یہ دنیا میں طویل ترین اوسط عمر ہے۔

سوازی لینڈ (افریقہ) میں عورتوں کی اوسط عمر 33ء2 سال ہے۔ جہاں ایڈز کی شرح تقریباً 40 فیصد ہے۔ یہ دنیا کی کمترین اوسط عمر ہے۔

(بحوالہ ''ٹائم میگزین'' شمارہ 19 مارچ 2007ء)

☆ ایک امریکی مشین گن MP5 عراقی فوج کو 3500 ڈالر (2 لاکھ دس ہزار روپے) کی پڑتی ہے۔

شرح پیدائش

☆ فرانس میں اوسطاً ایک خاتون پر بچوں کی تعداد 1.9 ہے جبکہ تیزی سے کم ہوتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لئے ضروری ہے کہ اوسطاً ایک خاتون پر 2.07 بچے پیدا ہوں۔

(بحوالہ ''میگزین 3 اکتوبر 2005ء)

☆ جاپان میں بچوں کی شرح پیدائش اگر 1.29 فیصد کے حساب سے برقرار رہی تو 3300ء میں یہ قوم ختم ہوجائے گی۔

(بحوالہ میگزین 16 جنوری 2006ء)

صاف پانی

☆ 1.1 ملین لوگوں میں جنہیں پینے کا صاف پانی میسر نہیں ہے۔ 4 2 فیصد لوگ Sub-Saharan افریقہ کے شامل ہیں۔

(سیارہ ڈائجسٹ اگست 2007ء)

☆......☆......☆

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

مکرم میجر (ر) عبداللطیف صاحب آف لاہور کی یاد میں

اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو کیا کیا خدمت کرنے والے نیک پرہیز گار جرأت مند بندے دیئے۔ ان میں سے ایک مکرم میجر (ر) عبداللطیف صاحب سابق نائب امیر جماعت احمدیہ ضلع لاہور تھے جن کو آج بھی احباب جماعت دلوں میں یاد رکھے ہوئے ہیں۔ خاکسار کو تو سات سال تک بطور محاسب ان کے ساتھ کام کرنے کی توفیق ملی۔ اس کے علاوہ 15 سال بطور صدر حلقہ کام کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

وہ وقت کے پابند کبھی چھٹی نہ کرنے والے' ہر جماعت کے جملہ شعبہ جات کی ذاتی نگرانی کرنے والے' جماعتی کام کو ذاتی کام پر اولیت دینے والے اصولوں کے پابند' سب سے بڑی بات کہ اطاعت گزار تھے۔ آپ ایک جرأت مند پُرعزم اور انتھک خادم سلسلہ تھے وہ قیادت کی اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک تھے وہ فکر رسا اور ذوق لطیف رکھتے تھے وہ بظاہر بڑے بارعب اور شیروں کی طرح آواز رکھنے والے انسان تھے لیکن وہ ہر کسی کیلئے دل میں نرم گوشہ بھی رکھتے تھے اور ہر کسی سے پیار کا جذبہ رکھنے والے انسان تھے۔ اگر کسی وقت ناراضگی ہوتی تو اسی لمحہ پیار بھی کرتے اور دل میں کبھی بھی کوئی بات نہ رکھتے۔ اصلاحی پہلو کا بھی خیال رکھتے ہر عہدے دار کی دل سے عزت کرتے تھے مجلس عاملہ جماعت احمدیہ لاہور کے ہر عہدے دار کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور خوشی کا اظہار کرتے اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں بھی کرتے۔

آپ ہر کسی کی تکلیف کا احساس کرتے تھے اس کی مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کرتے آپ کو حضرت مسیح موعود کے بہت سے شعر زبانی یاد تھے جو اکثر سنایا کرتے۔ جماعت احمدیہ لاہور کے چندہ جات کے امین اعلیٰ بھی تھے لازمی چندہ جات ہوں یا تزکیہ اموال' تحریک جدید ہو یا وقف جدید غرض کوئی بھی چندہ ہو خود نگرانی فرماتے۔ جب تک حساب خود چیک نہ کر لیتے ان کو تسلی نہیں ہوتی تھی۔

